## داتا دربار کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا اور معصوم لوگوں کے خون میں نہلانا کھلی بربریت اور سفاکیت ہے۔الطاف حسین

## اس سے قبل صوبہ پختونخوا میں سوات، دیر اور دیگر علاقوں میں بھی بزرگان دین کے مزارات کو بموں سے اڑایا گیا

## داتا دربار پر خودکش بم دھماکے اور درجنوں زائرین کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے، مجھے اس پر ذاتی طور پر بہت صدمہ پہنچا ہے

## جن درندہ صفت عناصر نے حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار کو خون میں نہلایا ہے وہ اسلام اور مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں اور ایسے درندہ صفت عناصر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے

## مساجد، امام بارگاہوں، بزرگان دین کے مزارات اور عبادتگاہوں کو بموں سے اڑانے اور معصوم انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے درندہ صفت دہشت گردوں کا سختی سے قلع قمع کیا جائے

لندن۔۔یکم جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں حضرت شیخ علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ کے مزار کے احاطے میں خودکش بم دھماکوں کی پرزورالفاظ میں مذمت کی ہے اوران دھماکوں کے نتیجے میں درجنوں معصوم زائرین کے شہید وزخمی ہونے پر دلی صدمہ اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حضرت داتا گنج بخشؒ کا شماران ممتاز اور عالی مرتبت اولیائے کرام میں ہوتا ہے جنہوں نے برصغیر میں اسلام کی روشنی پھیلائی اوراحترام انسانیت،مخلوق خدا کی خدمت اوراپنے عمل وکردار کے ذریعے لوگوں کو اللہ اوراس کے رسولؐ کی اصل تعلیمات سے روشناس کرایا جس کی بدولت لاکھوں لوگوں نے اسلام قبول کیا، داتا دربار ایک ایسا مقدس مقام ہے جہاں اپنے وقت کے بڑے بڑے اولیائے کرام نے قیام کیا اور جہاں برسوں سے نہیں بلکہ صدیوں سے مختلف فقہوں اور مسلکوں سے تعلق رکھنے والے عوام روزانہ جمع ہوکر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اوراپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں، ایسی مقدس جگہ کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا اور معصوم لوگوں کے خون میں نہلانا دہشت گردی ہی نہیں بلکہ کھلی بربریت اور سفاکیت ہے جسکی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ داتا دربار پر خودکش بم دھماکے اور درجنوں زائرین کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے اور مجھے اس پر ذاتی طور پر بہت صدمہ پہنچا ہے، میں شہیدوں کے لواحقین، سانحہ کے زخمیوں اور تمام زائرین کے غم میں برابر کا شریک ہوں، میں سمجھتا ہوں کہ جن درندہ صفت عناصر نے اللہ تعالیٰ اوراسکے رسولؐ کے پیغام کو پھیلانے والے حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار کو خون میں نہلایا ہے وہ اسلام اور مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں اور ایسے درندہ صفت عناصر اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچ سکیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان سفاک دہشت گردوں نے اب مقدس عبادتگاہوں کو بھی اپنی دہشت گردی اور بربریت کا نشانہ بنانا شروع کردیا ہے، اس سے قبل صوبہ خیبر پختونخوا میں سوات، دیر اور دیگر علاقوں میں بھی بزرگان دین کے مزارات کو بموں سے اڑایا گیا اوراب لاہور میں داتا دربار پر خودکش دھماکے کئے گئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ خودکش دھماکے کرکے مساجد، امام بارگاہوں، بزرگان دین کے مزارات اور عبادتگاہوں کو بموں سے اڑانے اور معصوم انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے درندہ صفت دہشت گردوں کا سختی سے قلع قمع کیا جائے اور تمام ترمصلحتوں سے بالاتر ہوکر ان دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اور بزرگان دین کے مزارات اور عبادتگاہوں اور وہاں آنے والے زائرین کی حفاظت کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ تمام فقہوں، مسلکوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے عوام خودکش بم دھماکے کرنے والے انسانیت دشمن عناصر کے خلاف متحد ہوجائیں۔

## بجلی کی قیمتوں میں اضافہ سراسر ظالمانہ اور غیر دانشمندانہ فیصلہ ہے، الطاف حسین

## اضافہ کا فیصلہ واپس لیا جائے اور عوام کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے

لندن۔۔۔یکم، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حکومت کی جانب سے بجلی کی قیمتوں میں 7.6 فیصد اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس فیصلے کو ملک بھر کے عوام پر سراسر ظلم قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزارت پانی وبجلی کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی کی قیمتوں میں 7.6 فیصد اضافہ کردیا گیا اوراس اضافے سے نہ صرف ملک بھر کے عوام بالخصوص غریب ومتوسط طبقہ شدید متاثر ہوگا بلکہ ملک بھر میں تجارتی اور صنعتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں بجلی کے بحران اور طویل دورانیے کی لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے اور حکومتی سطح پر لوڈ شیڈنگ کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے کے بجائے بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کرنا قطعی غیر دانشمندانہ اور ظالمانہ فیصلہ ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کا غیر دانشمندانہ فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک بھر کے عوام کو لوڈ شیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے۔

## اسکردو میں جھلس کر تین بچوں کے ہلاکت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس
## ایم کیو گلگت بلتستان کے ذمہ داران نے مرحومین کے گھر جا کر سوگواران سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔یکم، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلتستان اسکردو کے علاقے حسین آباد میں واقع مکان میں خوفناک آتشزدگی کے باعث تین معصوم بچوں کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے بچوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ معصوم بچوں کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار الواحقین کو صبر جمیل دے۔( آمین )

دریں اثناایم کیو ایم ءگلگت بلتستان زونل کمیٹی کے اراکین نے اسکردو میں واقع حسین آباد کے علاقے میں ایک مکان میں آتشزدگی سے جھلس کر جاں بحق ہونے والے بچوں نوشین زہرا،سید مستنصر کاظمی اور محمد حسن کے والدسید رضا شاہ اور دیگر اہلخانہ سے ملاقات کی اور بچوں کی ہلاکتوں پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر سوگواران کے ہمراہ رہے اورانہوں جاں بحق ہونے والے بچوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## متحرک تحریکیں ہی کامیابی حاصل کرتی ہیں، رابطہ کمیٹی
## ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی واراکین اور یونٹس کے ذمہ داران سے لال قلعہ گراؤنڈ میں گفتگو

کراچی۔۔۔یکم، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین جاوید کاظمی، شاکر علی اور اشفاق منگی نے کہا ہے کہ جن تحریکوں میں شامل افراد متحرک ہوں وہ تحریکیں تیزی سے کامیابی حاصل کرتی ہیں۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کیلئے آنے والے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر کمیٹی کے اراکین اور یونٹوں کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ، اراکین ندیم سومرو، احمد رضا، محمد علی کلمتی، عزیز الرحمان اور ممتاز علی بھی موجود تھے۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے اراکین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحریکی ذمہ دار ہونے کے ناطے ہم سب کا یہ فرض ہے کہ ہم تنظیمی کاموں پر اپنی گرفت مضبوط رکھیں، اپنی اور ساتھیوں کی تربیت کا عمل مسلسل جاری رکھیں اور علم حاصل کریں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا یہ فرمان ہے کہ ''تربیت کا مسلسل عمل کامیابی کی ضمانت ہے''۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان کو تلقین کی کہ تربیتی نشستوں کے ساتھ ساتھ تحریکی لٹریچر کا مطالبہ کرکے اپنے علم وآگاہی کا عادہ کیا جائے اور تربیتی نشستوں کے ساتھ ساتھ تحریکی لٹریچر کا مطالبہ قاعدگی سے کرنا چاہئے۔

## عوام وکارکنان کلیم اللہ کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔یکم رجولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے آفس سکریٹری کلیم اللہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ محترم کلیم اللہ کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔یکم، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ A-134 کے کارکن نوراللہ خان کی ہمشیرہ حمیدہ بانو، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 135/B کے کارکن محمد سلیم کی اہلیہ پروین سلیم اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 112/B کے کارکن محمد سعید کے والد محمد حنیف کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆